2024-25 ء سالانہ نوٹس برائے سروے ، ریکارڈز، نصاب ، رازداری اور متعلقہ حقوق اورعلیحدگی کے فارمز

فئیر فیکس کاؤنٹی اسکول بورڈ نے طالبعلم اور خاندان کی رازداری کے تحفظ کا تہیہ کررکھا ہے اور چاہتا ہے کہ تمام والدین اپنے حقوق اور اُن طریقوں سے آگاہ ہوں کہ معلومات کو مندرجہ امور کے حوالے سے کیسے برتا جاتا ہے:

- والدین کے طلباء کو دیئے گئے بعض جائزوں میں شرکت سے پہلے معائنے ، اور رضا مندی ، یا علیحدہ کرنے کے حقوق ۔
- والدین کے تعلیمی نصاب کے حصے کے طور پر استعمال کیئے گئے تدریسی مواد کے معائنے کے حقوق ۔
- FCPS کے طالبعلم کے تعلیمی ریکارڈز کے حوالے سے دیکھ بھال ، برقرار رکھنے ، اور افشاء کرنے کے قواعد بشمول والدین اور اہل طالبعلموں کے ایسے ریکارڈز کا معائنہ کرنے ، ایسے ریکارڈ میں ترمیم کی درخواست کرنے اور طالبعلم کے بارے میں ڈائریکٹری معلومات کے افشاء سے آپٹ آؤٹ کرنے کے حقوق ۔
- FCPS کے طالبعلم کی گریجویشن کی تصاویر یا دیگر تجارتی مقاصد کی معلومات کے بارے میں افشاء اور والدین اور اہل طالبعلموں کو اس افشاء سے علیحدہ کرنے کا حق ۔
- FCPS کا سیکنڈری اسکول کے طالبعلموں کے نام ، پتے ، اور ٹیلی فون نمبرز کو فوجی بھرتی کاروں کو جاری کرنے اور والدین اور طالبعلموں کا اس انکشاف سے علیحدہ کرنے کا حق ۔
- والدین کا اپنے بچے کو ایسے کسی جسمانی معائنے سے علیحدہ کرنے کا حق جس کی ریاستی قانون کے تحت ضرورت نہیں ۔
- FCPS کا اسکول کونسلنگ پروگرام اور والدین کا اپنے بچے کو تعلیمی ، کیرئیر ، اور/ یا سماجی یا جذباتی کونسلنگ میں شرکت کرنے سے علیحدہ کرنے کا حق ۔
- طالبعلموں کی لائبریری ایکوئٹی ایکسیس پاس پراجیکٹ میں شرکت اور والدین کا اس پروگرام میں شرکت سے انکار کرنے کا حق ۔
- والدین کا اپنے بچے کو VarsityTutors.com تک رسائی سے علحیدہ کرنے کا حق ۔
- طالبعلموں کی Social and Emotional Learning Screener میں شرکت اور والدین کا اس اسکرینر میں شرکت سے علیحدہ کرنے کا حق ۔
- وہ طریقہ کار جس کے ذریعے والدین اور طلباء شکایات درج کروا سکتے ہیں اگر انہیں یقین ہو کہ اوپر بیان کیئے گئے حقوق کی خلاف ورزی کی گئی ہے ۔

سروے ، ریکارڈز، نصاب ، رازداری اور متعلقہ حقوق کے سالانہ نوٹس اورعلیحدگی کے فارمز (سالانہ نوٹس) میں ، FCPS ان علیحدگی کے انتخابات کیلئے استعمال ہونے والے فارمز کے ساتھ ساتھ اوپر بیان کیئے گئے حقوق کی بھی وضاحت کرتا ہے ۔ سالانہ نوٹس کے دو نسخے دستیاب ہیں—ایک K-8 ورژن اور ایک گریڈز 9-12 ورژن ۔ وہ والدین جن کے بچے مختلف گریڈز لیول میں ہیں انہیں اس سالانہ نوٹس کا ہر ہر اطلاقی نسخہ پڑھنا چاہیے کیونکہ گریڈ لیول کے لحاظ سے ، نوٹس اور علیحدگی کے حقوق مختلف ہوتے ہیں ۔

مکمل سالانہ نوٹس آپٹ آؤٹ کتابچوں کی آن لائن رسائی کیلئے (PDF ریڈر درکار ہے)

- **http://www.fcps.edu ، پرجائیے اور آپٹ آؤٹ کتابچے تلاش کیجیئے**
- **K-8 یا 9-12 ورژن منتخب کیجیئے ۔**

والدین اپنے بچے کے اسکول میں پرنسپل کے دفتر سے کاغذی نقل کی درخواست بھی کر سکتے ہیں ۔ اگر آپ اپنے بچے کو اوپر بیان کی گئی کسی بھی سرگرمی سے علیحدہ کرنا چاہتے ہیں ، تو آپ کو **متعلقہ فارمز بھرنا چاہیئے اور اسے واپس اپنے بچے کے اسکول بھیجنا چاہیئے ، یا بذریعہ پیرنٹ ڈیجیٹل کونسینٹ سسٹم آن لائن بھیجیئے ۔**

Fairfax County Public Schools, Office of the Superintendent, 8115 Gatehouse Rd., Falls Church, VA 22042